۳۱ دسمبر ۲۰۲۳ کو ختم ہونے والے سال کا
حتمی نقد منافع جمع کرانے کی اطلاع

آدم جی لائف انشورنش کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص داران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۳ کو ختم ہونے والے سال کے لئے دس (10) روپے کے فی معمولی حصص پر ایک (1.00) روپے کی شرح سے حتمی نقد منافع (۱۰ فیصد) الیکٹرانک ذریعے سے ایسے حصص داران کے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں جمع کرادیا گیا ہے جو اپنا موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) جمع کراچکے ہیں / فراہم کرچکے ہیں۔

جمع کرائی گئی نقد رقم، متعلقہ حصص کی تعداد، نقد منافع کی کل رقم، ٹیکس اور زکوۃ کی کٹوتیوں کی تفصیلات حسب قانون سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کی جانب سے ترتیب دی جانے والی سی ڈی سی ریپازیٹری ویب پورٹل پر اپ لوڈ کردی گئی ہیں۔ حصص داران یہ تفصیلات اپنے ریکارڈ کے لئے یا ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کے لئے الیکٹرانک شکل میں "سنٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر" سے "ای ڈیویڈنڈ" کے لئے اس ویب سائٹ https://eservices.cdcaccess.com.pk/public/investorRegistration.xhtml پر رجسٹریشن کرواکر حاصل کرسکتے ہیں

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس پر جاری کئے گئے نوٹیفکیشن بذریعہ ایس آر او ۱۱۴۵(۱)/۲۰۱۷ مورخہ ۶ نومبر ۲۰۱۷ کے تقاضوں کی پاسداری کرتے ہوئے کمپنی نے ایسے حصص داران کا منافع روک لیا ہے جنہوں نے اپنے موثر بینک اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات، بشمول انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) ابھی تک جمع نہیں کرائیں / فراہم نہیں کیں۔

اس بناء پر کمپنی کے حصص داران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے سی این آئی سی کی واضح اور موثر کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹-بی، بلاک-بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی سے رابطہ کریں اور بینک کی موثر اور مکمل تفصیلات بشمول ۲۴ ہندسوں کا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبرز (آئی بی اے این) فراہم کریں۔

ارسلان احمد خان
کمپنی سیکریٹری

کراچی
۹ مئی، ۲۰۲۴